© rasailojaraid.com

اللہ ری ایسے حسن پہ یہ بے نیازیاں ✤ بندہ نواز! آپ کسی کے خدا نہیں

پس بتلائیے مرزا صاحب نے جو حقیقۃ الوحی میرے پاس نہ بھیجی تو اس سے ثابت ہوا۔ یا نہیں کہ بقول آپ کے وہ طالب حق نہیں ہیں؟ جواب دیتے ہوئے ذرا ایمان وحیا کا تصور کر لیجئے گا۔

آپ نے یہ بھی خوب لکھا کہ حضرت امام تو بحکم عن اللغو معرضون کے ایسے لغویات کی طرف ہرگز توجہ نہ فرماوینگے"۔ مگر ای جناب آپ کیسے راسخ حواری اور متبع مسیح ہیں کہ جس کام کو آپ کا پیش امام لغو سمجھے آپ اس کے کرنے پر آمادگی ظاہر کریں۔ (تف) کیا وہ لغو آپ کے حق میں لغو نہیں؟ پس پہلے آپ اور آپ کے امام صاحب اس بات میں فیصلہ کریں کہ یہ کام لغو ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو پہلے انکو متوجہ کرو۔ اگر لغو ہے تو تم بھی ایسی لغوگوئی سے باز آؤ۔ مولوی صاحب! ایسے تہافت قبیح اور تناقض صریح کی عادت آپکو کب سے ہوئی۔ کیا مرزا صاحب کی صحبت کاملہ کا اثر تو نہیں؟

مختصر یہ کہ مرقع قادیانی قادیاں کے اعلےٰ دفتر میں جاتا ہے جہاں آپ اور تمام اعلےٰ رکن مرزائیہ دیکھتے ہیں۔ آپنے اگر قیمتاً لینا ہے تو قیمت مرحمت فرمائیے۔ اور اگر مفت لینا ہے تو ہماری غریب فنڈ میں درخواست بھیجئے۔ گنجائش ہونے پر آپکو مفت بھیجا جائیگا ✤ ✗

## مرزا صاحب کی موت کے الہامات

۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۰۶ء شب پنجشنبہ کو القائے ربانی سے مندرجہ ذیل الہام اینجانب کو ہوئی جو بجنسہ ارسال خدمت ہیں امید کہ درج فرما کر مسلمانان کو دام تزویر میں پھنسنے اور پھنسے ہوؤں کو نکالنے کی سعی فرماوینگے اور کار خیر کا ثواب حاصل کرینگے۔

(۱) مجکو القائے ربانی نے بشارت دی کہ مرزا غلام احمد صاحب قادیانی جو محض دھوکے کی ٹٹی اور دام تزویر بچھانے اور دوکانداری میں یکتائے روزگار ہے گیارہ ماہ کے بعد[1] فی النار والسقر

[1] بصیرت کیسی اور کہاں تک؟ (اڈیٹر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہوگا +

(۲) مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کی وفات پر اُن کے بیٹوں میں جن میں سے ہر ایک کا نام مرزا صاحب کے نام کے وزن پر ہے ۔قرآنی بشارت یاتی من بعدا سمہ احمد جس کو سردست مرزا صاحب اپنی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اپنی طرف منسوب کرنیکا فساد پڑیگا۔ اُس وقت قادیانی فرضی امت کے ادنیٰ اعلیٰ رکن حیران اور ششدرہ رہ جائینگے اور سچ تو یہ ہے کہ واللہ لایھدی القوم الفاسقین +

(۳) مسیح موعود اور مہدی معہود دعاوی کا ذبہ کا جو دعویدار ہے اور بیس پچیس سال کے عرصہ سے طوفان بے تمیزی برپا کر رکھا ہے نعوذ باللہ من ذلک اگر ان میں کچھ بوئے صداقت ہوتی تو اسلام کی فتح تمام ادیان باطلہ پر یکلخت کی ہوگئی ہوتی ۔مسلمان ہی آپ پر نفریں کرتے ہیں ۔ چہ جائیکہ ادیان باطلہ آپ کی طرف رجوع کرتے ۔بہر حال عنقریب آپ کی وفات پر حقیقت الوحی کی حقیقت منکشف ہوجائیگی ۔

راقم ابوحمید گمٹالوی مدرس چوڑہ ضلع سیالکوٹ

**اڈیٹر** :- مرزائیو! ان یک کاذبا فعلیہ کذبہ وان یک صادقا یصبکم بعض الذی یعدکم (اگر یہ شخص جھوٹا ہے تو اُس کی گردن پر وبال ہوگا اور اگر سچا ہے تو تم لوگوں کو ضرور مصیبت پہونچیگی) + ×

---

# مرزا قادیانی کی تحریروں میں اختلاف

**نبوت کے متعلق**

(۱) دیکھو آسمانی فیصلہ کے صفحہ ۳ میں مرزا غلام احمد تحریر کرتے ہیں:-
"میں نبوت کا مدعی نہیں بلکہ ایسے مدعی کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہوں"

اور پھر دیکھو ازالہ اوہام کے صفحہ ۵۳۳ میں لکھتے ہیں۔
"خدا تعالیٰ نے براہین احمدیہ میں اس عاجز کا نام امتی بھی رکھا اور نبی بھی"

© rasailojaraid.com